**SET-2**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 252/2**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **12** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **27** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **27** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# سیاسیات

# POLITICAL SCIENCE

## (Urdu Version)

حاصل وقت :۳ گھنٹے

بیش ترین کل نمبر:۱۰۰

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 100*

## عام ہدایات:

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) سوال نمبر 1 سے 5 تک کا ہر سوال ایک نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 20 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iii) سوال نمبر 6 سے 10 تک کا ہر سوال دو نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 40 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(iv) سوال نمبر 11 سے 16 تک کا ہر سوال چار نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 100 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(v) سوال نمبر 17 سے 21 تک کا ہر سوال پانچ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) سوال نمبر 21 نقشہ پر مبنی سوال ہے۔ اس کا جواب آپ اپنی جواب کی کاپی میں لکھیے۔

(vii) سوال نمبر 22 سے 27 تک کا ہر سوال چھ نمبر کا ہے۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 150 الفاظ سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔

1۔ 1975 کی قومی ایمرجنسی کو لوگوں کے ناپسند کرنے کے لیے ذمہ دار کسی ایک وجہ کی پہچان کیجیے۔ 1

2۔ سرد جنگ کے زمانے کے دوران امریکہ (US) اور سوویت یونین (USSR) جن نظریات کی نمائندگی کر رہے تھے، ان میں ایک خاص اختلاف اُجاگر کیجیے۔ 1

**3۔** عوامی تحریکوں کے کسی ایک فائدے کو اجاگر کیجیے۔ 1

**4۔** 'چپکو تحریک' کا یہ نام کیسے پڑا ؟ 1

**5۔** امریکہ کی Hegemony یا قیادت پر بندشوں کی شکل میں درج ذیل کون سا قول ''سچ'' ہے ؟ 1

(a) روس کی بڑھتی ہوئی طاقت

(b) دنیا میں پھیلی ہوئی دہشت گردی

(c) امریکہ کی ریاست کا خود اپنے نظام کا ڈھانچہ

(d) ایک معاشی طاقت کی شکل میں ہندوستان کا عروج

**6۔** ماحولیات سے متعلق کسی دو مدعوں کو بیان کیجیے جو عالمی سیاست میں تشویش ( فکر ) کا موضوع بن چکے ہیں۔ 1X2=2

**7۔** شاک تھیرپی ( صدمہ کا علاج ) کے کوئی دو نتائج لکھیے۔ 1X2=2

**8۔** کالم اے (A) میں دی گئی حقیقتوں کا کالم بی (B) میں دی گئی حقیقتوں سے ملا کر بامعنی جوڑی بنائیے:

| کالم *(A)* | کالم *(B)* |
|---|---|
| (a) دو قومی نظریے کو پیش کرنے والا لیڈر | (i) سکمار سین (Sukumar Sen) |
| (b) 1952 میں الگ ریاست کی مانگ کرنے والے | (ii) ایم۔ اے۔ جناح |
| (c) ہندوستان کا پہلا الیکشن کمشنر | (iii) سی۔ راج گوپال آچاری |
| (d) سوتنتر پارٹی کے بانی | (iv) پوٹّی سری رامولو (Potti Sreeramulu) |

$\frac{1}{2}$x4=2

**9۔** آپ کے خیال میں ہندوستان کے ذریعے غیر جانبداری پالیسی (Non-alignment) کا انتخاب کہاں تک جائز ہے ؟ ۔ 2

**10۔** کوئی دو مثالیں دے کر یہ دکھائیے کہ عالم گیریت (گلوبلائزیشن) نے ہمارے کھانے پینے کی عادتوں کو متأثر کیا ہے۔ 1X2=2

**11۔** کسی دو خاص امیدوں کی بنیاد پر 1945 میں اقوام متحدہ قائم کیا گیا تھا۔اس کے کسی دو اعضا اور دو ایجنسیوں کو بیان کیجیے۔ 2+2=4

**12۔** پہلے اور دوسرے پنچ سالہ منصوبوں کے مقاصد اور کامیابیوں کا موازنہ کیجیے اس بنیاد پر یہ نتیجہ نکالیے کہ دونوں میں سے کون سے منصوبے نے ہندوستان کی ترقی کو ایک نیا نقطہ انقلاب (نیا موڑ) دیا۔ 3+1=4

**13۔** 'گٹھ بندھن سرکار ہندوستان میں جمہوریت کے لیے تحفہ (عطیہ) ثابت ہوئی ہے'۔اس قول کی تائید میں کوئی دو مناسب دلیلیں دیجیے۔ 2X2=4

**14۔** نرمدا بچاؤ آندولن کی کسی چار مانگوں کی فہرست بنائیے۔ 1X4=4

**15۔** یورپی یونین European Union کو بااثر تنظیم بنانے والے کوئی چار عوامل بیان کیجیے۔ 1X4=4

**16۔** ہندوستان کی نیوکلیائی پالیسی کو بیان کیجیے۔ 4

17۔ مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

''ایمرجنسی کی وجہ سے عوام میں شہری آزادی اور حقوق کا شعور پیدا ہوا۔ عدالتوں نے بھی ایمرجنسی کے بعد افراد کی شہری آزادی کے تحفظ میں سرگرمی دکھائی۔ جو ایمرجنسی کے دوران، ان حقوق کا تحفظ نہ کر سکنے پر اپنی بے بسی کے ردعمل میں تھی۔''

(i) 1975 میں اعلان کی گئی ایمرجنسی کے دوران ہندوستان کے شہریوں کا کون سا بنیادی حق سب سے زیادہ متأثر ہوا۔؟

(ii) ایمرجنسی کے بعد عدالت شہری آزادی کے تحفظ کرنے میں کیوں بے بس رہی۔؟

(iii) کیا شہری آزادی کے حقوق پر کوئی بندش نہیں ہونی چاہیے۔ اپنے جوابوں کی تائید میں ایک دلیل دیجیے۔

*1+2+2=5*

18۔ درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

''چھوٹی ریاستیں اپنے مفاد کی خاطر عظیم طاقتوں سے اپنی نسبت یا تعلق کو استعمال کرتی تھیں ان ریاستوں کو اپنے علاقائی اور پڑوسی حلیفوں کے خلاف تحفظ کا وعدہ، ہتھیار اور معاشی امداد ملا کرتی تھی دونوں عظیم طاقتوں کا یہ حلیفوں والا نظام پوری دنیا کو دو گروہوں میں تقسیم کرنے کی گھنٹی بجا رہا تھا۔''


(i) اس پیرگراف میں دی گئی دو عظیم طاقتوں کے نام لکھیے۔

(ii) گٹھ بندھن کے نظام نے چھوٹی ریاستوں کو اپنے پڑوسی ملکوں سے تحفظ کا یقین کیسے دلایا ؟

(iii) عظیم طاقتوں کے چھوٹے ملکوں کو اپنے گٹھ بندھنوں میں شامل کرنے کے کوئی دو اسباب لکھیے۔

*1+2+2=5*

**19۔** مندرجہ ذیل کارٹون کا غور سے مطالعہ کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:




(i) اس کارٹون سے متعلق دکھائے گئے ملک کو پہچانیے۔

(ii) اس ملک میں چل رہی گورنمنٹ کے نظام کا تجزیہ کیجیے۔

(iii) ہندوستان کا حکومتی نظام، کارٹون سے متعلق ملک کے حکومتی نظام سے کسطرح الگ ہے

*1+2+2=5*

***نوٹ ! درج ذیل سوالات صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 19 کے بدلے :***

(19.1) بنگلہ دیش کب سے کب تک پاکستان کا حصہ تھا ؟ وضاحت کیجیے

(19.2) ہندوستان اور چین کے درمیان تنازعے کے دو مدعوں کو اُجاگر کیجیے۔

(19.3) سارک (SAARC) کے کسی چار ممبر ملکوں کے نام لکھیے۔ *1+2+2=5*

**20۔** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

"لسانی ریاستوں کے اختلافات اور تنوع کے اصول کو نمایاں کیا۔ جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ہندوستان نے جمہوریت کو اپنایا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ ہندوستان نے محض ایک جمہوری دستور کو قبول کیا ہے نہ ہی اس کا مطلب صرف یہ ہوتا ہے کہ ہندوستان نے الیکشن کا طریقہ کار اختیار کرلیا۔ ہندوستان کی انتخاب کی وسعت اس سے کہیں زیادہ ہے۔ جمہوریت کو اپنانے کا مطلب ہے اختلاف رائے کے وجود کو ماننا جو کبھی کبھی بہت مخالف بھی ہوسکتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں جمہوریت کا مطلب نظریات اور طرز زندگی میں تنوع اور رنگارنگی ہے۔"

(i) ہندوستان کے لوگوں میں کلچرل زندگی میں تنوع کی کسی دو شکلوں کی پہچان کیجیے۔

(ii) کسی دو مثالوں کے ذریعے دکھائیے کہ ہندوستان میں جمہوریت نظریوں کی بہتات اور اختلافات کو قبول کرنے سے جڑی ہوتی ہے۔

(iii) جمہوریت کو مضبوط بنانے میں الیکشن کے رول کا جائزہ لیجیے۔ *1+2+2=5*

**21۔** دیے گئے **ہندوستان** کے سیاسی نقشے کے خاکے میں پانچ ریاستیں Ⓐ, Ⓑ, Ⓒ, Ⓓ اور Ⓔ دکھائی گئی ہیں۔ درج ذیل معلومات کی مدد سے ان کی پہچان کیجیے، اور ان کے صحیح نام، استعمال کی گئی معلومات کے سیریل نمبر اور ان سے متعلق ''حروف'' کو نیچے دیے گئے فارمیٹ کی شکل میں اپنی جوابی کاپی میں لکھیے۔

| استعمال کی گئی معلومات | متعلق حروف (Alphabet Concerned) | ریاست کا نام |
|---|---|---|
| (i) | | |
| (ii) | | |
| (iii) | | |
| (iv) | | |
| (v) | | |

(i) وہ ریاست جو 1947 بٹوارے کے وقت بٹ جانے کی وجہ سے قائم ہوئی۔

(ii) وہ نوابی ریاست جس کے حاکم نے ہندوستان کے ساتھ الحاق کی مخالفت کی تھی۔

(iii) وہ ریاست جہاں ہندوستان کے پہلے عام الیکشن میں کانگریس پارٹی جیت حاصل کرنے (اکثریت) میں ناکام رہی۔


(iv) ہندوستان کی 29 ویں ریاست۔

(v) وہ ریاست جس کو 1966 میں قائم کیا گیا۔

*1X5=5*

سوال نمبر 21 کے لیے

# ہندوستان کا سیاسی خاکہ



نوٹ ! درج ذیل سوالات صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر **21** کے بدلے :

(21.1) مغرب میں کس ریاست کا بٹوارہ 1947 میں بٹوارے کے وقت ہوا تھا ۔

(21.2) کس نوابی ریاست کے نظام نے ہندوستان میں اپنے الحاق کی مخالفت کی تھی ؟

(21.3) کانگریس کس ریاست میں 1952 میں ہوئے پہلے عام چناؤ میں اکثریت (جیت) حاصل نہیں کرسکی ؟

(21.4) ہندوستان کی 29 ویں ریاست کا نام لکھیے ۔

(21.5) 1966 میں بنائی گئی ہندوستان کی ایک ریاست کا نام لکھیے ۔ 1X5=5

**22۔** اقوام متحدہ (UN) سلامتی کونسل (UN سکیورٹی کونسل) کے تنظیمی ڈھانچے اور طریقہ کار (کام کرنے کے طریقے) کو بیان کیجیے ۔ 3+3=6

**یا**

سلامتی کونسل کے کسی تین خطروں کے نئے سرچشموں کو بیان کیجیے ۔ 2X3=6

23۔ سہمتی کے ایسے کنہی تین مدعوں کو اُجاگر کیجیے جو کہ سِیور کمپٹیشن اینڈ کانفلیکٹس (Severe competitions and conflicts) تنازعات کے بیچ، اکثر سیاسی جماعتوں میں سہمتی اُبھری ہے۔ 2X3=6

یا

ہندوستان کی نیشنل انٹی گریٹی اور یُونیٹی کو مضبوط بنانے کے لیے کوئی تین سُجھاؤ، جو آپ کی رائے میں زیادہ مؤثر ہوں، بیان کیجیے۔ 2X3=6

24۔ 1977 کی ایمرجنسی ہٹائی جانے کے بعد ہندوستان میں رونماں ہونے والے تین خاص سیاسی واقعات بیان کیجیے۔ 2X3=6

یا

ایسے تین خاص واقعات بیان کیجیے جن کی وجہ سے 1969 میں کانگریس پارٹی کا رسمی بٹوارہ ہوا۔ $1\frac{1}{2}$x4=6

25۔ زبردست طاقت (Hard power) کی شکل میں امریکی قیادت (Hegemony) کا تجزیہ کیجیے۔ 6

یا

پاکستان میں جمہوریت کے کام کرنے کے سسٹم کا جائزہ لیجیے۔ 6

26۔ USSR (روس) کے انتشار کے لیے ذمہ دار کوئی چھ وجوہات بیان کیجیے۔ 1X6=6

یا

سرد جنگ کو ہتھیاروں کی دوڑ کے ساتھ ساتھ ہتھیاروں کے کنٹرول کی طرف لے جانے والے کوئی تین اسباب بیان کیجیے۔ 2X3=6

27۔ ماحولیات کے تحفظ کے لیے کوئی چار ایسے قدموں کا مشورہ دیجیے، جنھیں ہندوستان کی حکومت کے ذریعے فوراً اُٹھایا جانا چاہیے۔ $1\frac{1}{2} \times 4=6$

یا

ایسے کسی چار قدموں کا مشورہ دیجیے جو ہندوستانی کلچر کو عالمی سطح پر پسندیدہ بنانے کے لیے ہندوستانی حکومت کے ذریعے اُٹھائے جانے چاہئیں۔ $1\frac{1}{2} \times 4=6$